# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

**REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON HUMAN RIGHTS ON THE NATIONAL COMMISSION ON THE RIGHTS OF CHILD (AMENDMENT) BILL, 2024**

I, Acting Chairperson of the Standing Committee on Human Rights have the honour to present this report on the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [the National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2024] (Private Member's Bill) referred to the Standing Committee on 6th August, 2024.

2. The Committee consists of the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1) | Mr. Danyal Chaudhary | Member |
| 2) | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| 3) | Mr. Shamsher Ali Mazari | Member |
| 4) | Ms. Zeb Jaffar | Member |
| 5) | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 6) | Ms. Asiya Naz Tanoli | Member |
| 7) | Ms. Tamkeen Akhtar Niazi | Member |
| 8) | Dr. Nelson Azeem | Member |
| 9) | Ms. Sehar Kamran | Member |
| 10) | Ms. Shahida Rehmani | Member |
| 11) | Ms. Naz Baloch | Member |
| 12) | Mr. Naveed Aamir | Member |
| 13) | Ms. Sabheen Ghoury | Member |
| 14) | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 15) | Mr. Ali Muhammad | Member |
| 16) | Mr. Sher Afzal Khan | Member |
| 17) | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 18) | Mr. Mohammad Riaz Fatyana | Member |
| 19) | Mr. Azam Nazeer Tarar, Minister Incharge for Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at "Annex-A" in its meetings held on 1st January, 27th May & 16th October, 2025 and recommended that the Bill as introduced may not be passed by the National Assembly.

**sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad, the 13th November, 2025

**sd/-**
**(MS. ZAHRA WADOOD FATEMI)**
Acting Chairperson

Annex – A

# AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE

A

**Bill**

*further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017*

Whereas it is expedient further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** - (1) This Act may be called the National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in Section 3.**- The existing paragraph (h) of sub-section (2) of the said section, shall be substituted, namely:-

(h) Six members, one from each province, Islamabad Capital Territory and one from minority, out of which two members shall be from women, all having experience of not less than ten years of work in the field of child rights.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

National Commission on the Rights of Child Act was created to protect the rights of children, Although all units and schools of thought are represented in it, it is observed that according to the current law, one of their members must be a woman and from minority. Therefore, the member appointed from Punjab at present is also a women and a member of minority in the commission. More than half of Pakistan's population consists of women and a large number of minorities live in the country. Not giving them separate representation in such commission is unfair to them. Therefore, it is proposed to give them separate representation through this Bill.

**Sd/-**
**MR. NAVEED AAMIR**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قومی کمیشن برائے حقوق اطفال (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی رپورٹ

میں، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق ۶/اگست ۲۰۲۴ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ قومی کمیشن برائے حقوق اطفال ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے حقوق اطفال (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | جناب دانیال چوہدری | رکن |
| (۲) | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| (۳) | جناب شمشیر علی مزاری | رکن |
| (۴) | محترمہ زیب جعفر | رکن |
| (۵) | محترمہ زہرا ودود فاطمی | رکن |
| (۶) | محترمہ آسیہ ناز تنولی | رکن |
| (۷) | محترمہ تمکین اختر نیازی | رکن |
| (۸) | ڈاکٹر نیلسن عظیم | رکن |
| (۹) | محترمہ سحر کامران | رکن |
| (۱۰) | محترمہ شاہدہ رحمانی | رکن |
| (۱۱) | محترمہ ناز بلوچ | رکن |
| (۱۲) | جناب نوید عامر | رکن |
| (۱۳) | محترمہ سبین غوری | رکن |
| (۱۴) | جناب گوہر علی خان | رکن |
| (۱۵) | جناب علی محمد | رکن |
| (۱۶) | جناب شیر افضل خان | رکن |
| (۱۷) | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| (۱۸) | جناب محمد ریاض فتیانہ | رکن |
| (۱۹) | جناب اعظم نذیر تارڑ، وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے یکم جنوری، ۲۷ مئی اور ۱۶/اکتوبر ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ منسلکہ۔الف پر موجود بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔
**(محترمہ زہرا ودود فاطمی)**
قائم مقام چیئرپرسن

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل

اسلام آباد، ۱۳ نومبر، ۲۰۲۵ء

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

قومی کمیشن برائے حقوق اطفال ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے قومی کمیشن برائے حقوق اطفال ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا قومی کمیشن برائے حقوق اطفال (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دفعہ ۳ میں ترمیم:۔** مذکورہ دفعہ کی ذیلی دفعہ (۲) کے موجودہ پیرا (ح) کو حسب ذیل سے تبدیل کردیا جائے گا:۔

(ح) چھ ارکان، ہر صوبہ سے ایک، وفاقی علاقہ دارالحکومت سے ایک اور اقلیت سے ایک، جن میں خواتین سے دو ارکان ہوں گے، سب ارکان کو حقوق اطفال کے شعبہ میں کام کرنے کا کم از کم دس سال کا تجربہ ہو۔

## بیان اغراض ووجوہ

قومی کمیشن برائے حقوق اطفال ایکٹ بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے تخلیق کیا گیا تھا، اگرچہ اس میں تمام اکائیوں اور مکتبہ ہائے فکر کو نمائندگی دی جاتی ہے لیکن دیکھا گیا ہے کہ موجودہ قانون کے مطابق ان کے ارکان سے ایک رکن خواتین اور ایک اقلیت سے ہونا ضروری ہے اس لئے اس وقت پنجاب سے جو رکن مقرر کیا گیا ہے وہ بھی ایک خاتون اور کمیشن میں اقلیتی رکن ہے۔ پاکستان کی آبادی نصف سے زائد خواتین پر مشتمل ہے اور ملک میں اقلیتوں کی ایک بڑی تعداد رہتی ہے۔ ان کو ایسے کمیشن میں علیحدہ سے نمائندگی نہ دینا ان کے ساتھ ناانصافی ہے۔ لہٰذا اس بل کے ذریعے ان کو علیحدہ نمائندگی دینا تجویز کیا جاتا ہے۔

دستخط/۔

جناب نوید عامر،

رکن، قومی اسمبلی۔